حصہ "الف" (کثیر انتخابی سوالاتMCQ's)

سوال ا: مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات کا صحیح انتخاب کریں۔

(۱) علم شہریت کو انگریزی میں .... کہا جاتا ہے۔
(ا) Civics (ب) Physics (ج) Economic (د) Citizen

(۲) علم شہریت میں .... سے مراد ایسا اصول یا قاعدہ ہے جس کا تعلق ریاست سے ہو اس کے ذریعہ حکومت کا انتظام چلایا جاتا ہے۔
(ا) قانون (ب) تعلیم (ج) ڈاکٹریٹ (د) طبعیات

(۳) .... قانون کا اولین ماخذ ہیں قانون کی ابتدائی شکل انسانی رسم ورواج ہیں۔
(ا) طور طریقے (ج) رسم ورواج (ج) پہناوا اوڑھنا (د) رہنا سہنا

(۴) .... میں قانون سازی کے وقت مذہب کو پیش نظر رکھا جاتا ہے
(ا) امریکہ (ج) روم (ج) انڈیا (د) پاکستان

(۵) قانون کا ایک ماخذ .... ہوتی ہے جو قانون سازی کرتی ہے۔
(ا) عدالت (ب) مقننہ (ج) مجلس شوریٰ (ج) اسمبلی

(۶) .... کے مطابق جہاں قوانین نہ ہوں وہاں آزادی نہیں ہوتی ہے۔
(ا) لاسکی (ج) لارک (ج) نیوٹن (د) ایڈیسن

(۷) .... سے مراد وہ ماحول ہے جہاں انسان فطری زندگی بسر کرتا تھا
(ا) قدرتی آزادی (ب) فطری آزادی (ج) جسمانی آزادی (د) قانونی آزادی

(۸) حکومت کی جانب سے صوبوں میں .... مقرر کئے جاتے ہیں جو صوبوں کا انتظام چلاتے ہیں۔
(ا) گورنر (ب) وزیر (ج) سینیٹر (د) ایڈمنسٹریٹر

(۹) صوبوں میں .... اپنی کابینہ تشکیل دیتا ہے جو صوبے کا انتظام چلاتی ہے۔
(ا) گورنر (ب) وزیر اعلیٰ (ج) سینیٹر (د) ممبر

(۱۰) .... حکومت کی بہترین قسم اس لیے ہے کہ جمہوری حکومت تمام آبادی کیلئے فلاح عامہ کا کام کرتی ہے۔
(ا) آمریت (ب) بادشاہت (ج) جمہوریت (د) سوشلزم

(۱۱) .... ایسے نظام کو کہتے ہیں جس میں آئین کے تحت حکومت کے اختیارات کو ریاست کی مرکزی اور علاقائی حکومتوں میں تقسیم کیا گیا ہو۔
(ا) وفاقی طرز حکومت (ب) صوبائی طرز حکومت (ج) جمہوری حکومت (د) پارلیمانی حکومت

(۱۲) .... کے مطابق ایک ایسی تنظیم ہے جس میں قومی اتحاد اور اختیارات کو علاقائی حقوق کے ساتھ ہم آہنگ کیا جاتا ہے۔
(ا) لارک (ب) لاسکی (ج) ڈائسی

(۱۳) .... میں مرکز اور صوبوں کے اختیارات کی تشریح کر دی جاتی ہے۔
(ا) وفاق (ب) آئین (ج) قانون (د) ایجوکیشن

(۱۴) رائے عامہ سے مراد .... ہے۔ جس کا تعلق عوام کی سیاسی رائے سے ہے۔
(ا) عوام کی رائے (ب) عوام کا شعور (ج) عوامی نظریہ (د) عوامی طاقت

(۱۵) جب کسی جگہ افراد کا گروہ سیاسی طور پر منظم ہو جاتا ہے تو اس وقت .... کا وجود عمل میں آتا ہے۔
(ا) حکومت (ب) ریاست (ج) مارشل لاء (د) جمہوریت

حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے کوئی بھی آٹھ سوال حل کریں، ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال ا: علم شہریت کی تعریف اور اسکی وسعت بیان کریں

سوال ۲: قومیت کے کون کون سے عناصر ہیں؟ وضاحت کریں۔

سوال ۳: خاندان کی اہمیت، فرائض اور مقاصد بیان کیجئے۔

سوال ۴: ریاست کی تعریف کریں اور اس کے اجزاء بیان کریں۔

سوال ۵: حکومت کی تعریف کیجئے اور عدلیہ کے فرائض مختصراً بیان کیجئے۔

سوال ۶: خاندان کو معاشرے کی بنیادی اکائی کیوں کہا جاتا ہے۔ بیان کریں۔

سوال ۷: اسلام میں ریاست کا تصور بیان کریں۔

سوال ۸: جمہوریت کیا ہے اسکی خوبیاں اور خامیاں بیان کریں۔

سوال ۹: ایک اچھے شہری کے اوصاف بیان کریں۔

سوال ۱۰: قوم اور قومیت میں فرق بتائیں۔

حصہ "ج" (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: درج ذیل سوالات کے میں کوئی بھی چار سوال حل کریں۔

سوال ۱۱: صدارتی طرز حکومت کیا ہے اسکی خوبیاں اور خامیاں بیان کریں

سوال ۱۲: آمریت کیا ہے؟ اسکی خوبیاں اور خامیاں بیان کریں۔

سوال ۱۳: دو قومی نظریہ اور سرسید احمد خان کے بارے میں تحریر کریں۔

سوال ۱۴: اقوام متحدہ کے اغراض و مقاصد بیان کریں۔

سوال ۱۵: قرآن اور سنت کی روشنی میں مسلمان شہری کے حقوق و فرائض بیان کریں

سوال ۱۶: مندرجہ ذیل میں سے کسی تین پر نوٹ لکھیں۔

قرارداد مقاصد 1949ء | غیر ملکی حیثیت
عالمی بینک | معاشی حقوق | سپریم کورٹ